Item # G-1

کیمیکلوں کا محفوظ استعمال

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

کیمیکلوں
کا
محفوظ استعمال

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

تصنیف : سعید احمد اعوان

ایم ایس سی کیمسٹری (گولڈ میڈلسٹ)

ایم ایس سی (آکوپیشنل ہیلتھ یو۔کے)

ڈائریکٹر

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول

محکمہ محنت، حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

وزیر محنت وانسانی وسائل حکومت پنجاب کا پیغام

محنت کشوں کو حادثات اور بیماریوں سے بچنے کا شعور پیدا کرنے کے لیے محکمہ محنت وانسانی وسائل نے پہلی مرتبہ بڑے پیمانے پر آگہی کی ایک مہم کا آغاز کیا ہے۔ یہ کتابچہ اسی مہم کی ایک کڑی ہے۔ موجودہ حکومت محنت کشوں کو ان کے جائز حقوق دلانے اور ان کے لیے سہولیات مہیا کرنے کے لیے شب و روز کوشاں ہے۔ کارکنوں کے لیے صوبے کے تمام کونوں میں رہائشی سہولتیں اور ہسپتال تعمیر کیے جا رہے ہیں۔

ہماری حکومت کا یقین ہے کہ ملک کی معیشت تبھی ترقی کر سکتی ہے جب کارکن دل جمعی کے ساتھ اور صحت مند ماحول میں کام کریں گے۔ میری اپنے محنت کش بھائیوں اور بہنوں سے استدعا ہے کہ وہ اس کتابچے میں دی گئی ہر معلومات نہ صرف خود عمل کریں بلکہ اپنے دیگر ساتھیوں تک بھی پہنچائیں۔

خیر اندیش
سید اختر حسین رضوی
وزیر محنت وانسانی وسائل حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ناشر : مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

اشاعت : 2005

تعداد اشاعت : 4400

ڈیزائننگ : افتخار حسین 0303-6408526
042-7539423

پرنٹر : وڈ پیکر پرنٹرز۔ پبلشرز لاہور
042-7224382-0303-6423261

https://boilersinfo.com/

ابتدائیہ

کام کے دوران پیش آنے والے خطرات کی وجہ سے ہر سال لاتعداد کارکن بیماریوں اور حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ذرا سی احتیاط اور پیش بندی سے ان خطرات سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

محکمہ محنت و انسانی وسائل حکومت پنجاب کارکنوں کی صحت و تحفظ کے لئے کوشاں ہے یہ کتابچہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے یہ کتابچہ کارکنوں، مینجر وں اور مالکان میں صحت و تحفظ سے متعلق شعور بیدار کرنے کے لئے انتہائی مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ کارکن اس کا بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ محکمہ محنت ''مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول'' صوبے بھر میں صحت و تحفظ اور حالات کار کی بہتری کے لیے سرگرداں ہے۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ اس مرکز کی سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں۔

شاہنواز بدر
سیکرٹری محکمہ محنت وانسانی وسائل
حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

ذاتی کوائف

نام _____

ولدیت _____

عہدہ _____

شناختی کارڈ نمبر |_|_|_|_|_|_|_|_|_|_|_|_|_|_|_|

ادارہ کا نام _____

ادارہ کا ایڈریس _____

ایمرجنسی فون نمبر _____ بلڈ گروپ _____

https://boilersinfo.com/

کیمیکل کیا ہیں؟

'کیمیکل' کا نام سنتے ہی ہمارے ذہن میں جو تصویر ابھرتی ہے وہ کسی پاؤڈر' سیال یا پینٹ کی ہوتی ہے جس کو کسی ڈبے یا تھیلے یا ڈرم میں بند کیا گیا ہے اور جس کا عجیب سا نام ہوگا۔ ہمارا جسم کیمیکلوں سے مل کر بنا ہے۔ گوشت' ہڈیاں خون' دانت' بال' ناخن سب کیمیکلوں سے مل کر بنے ہیں ہمارے کھانے میں لحمیات' نشاستہ' چربی' وٹامن اور معدنیات وغیرہ شامل ہوتے ہیں جو سب کیمیکل ہیں۔ ہم پانی اور جوس وغیرہ پیتے ہیں جو کیمیکل ہیں۔ ہم ہوا میں سانس لیتے

https://boilersinfo.com/

ہیں جو 78 فیصد نائٹروجن، 21 فیصد آکسیجن اور دوسری گیسوں سے مل کر بنی ہے جو سب کیمیکل ہیں- ہم بیمار ہوتے ہیں تو دوائی لیتے ہیں جو کہ کیمیکل ہیں- اسی طرح سے صابن، شیمپو، ٹوتھ پیسٹ وغیرہ جو ہم روزانہ استعمال کرتے ہیں، کیمیکل ہیں- کیمیکلوں کی وجہ سے ہماری زندگی آرام دہ بنتی ہے- دوسری جانب کیمیکلوں کی وجہ سے ہماری صحت اور سلامتی کو خطرات پیش آتے ہیں- روزمرہ کی زندگی میں ہمارا واسطہ ایسے کیمیکلوں سے پڑتا رہتا ہے جو کہ صحت کو متاثر کر سکتے ہیں-

https://boilersinfo.com/

کیمیکلوں کو محفوظ طریقے سے استعمال کروانے کے وہ تمام لوگ ذمہ دار ہیں جو ان کی تیاری، سپلائی یا استعمال سے وابستہ ہیں۔ ان میں مالکان، سپروائزر، صحت و تحفظ کے ماہرین، حکومتی انسپکٹر، پالیسی ساز ادارے اور افراد اور کیمیکلوں کو استعمال کرنے والے کارکن یا گھریلو صارفین شامل ہیں۔

کیمیکلوں کے محفوظ استعمال کے لیے عملی اقدامات

شناخت

کیمیکل سیفٹی کے کسی بھی پروگرام کا پہلا قدم یہ ہونا چاہئے کہ استعمال ہونے والے تمام کیمیکلوں اور ان کے اجزاء کی شناخت کی جائے تا کہ اسکے متعلق معلومات حاصل کی جائیں۔ ڈبوں اور بوتلوں پر بھی اسکے اندر موجود اجزاء کی تفصیلات درج ہونی چائیں۔ کسی بھی صنعتی یونٹ میں استعمال ہونے والے تمام کیمیکلوں کی مقدار اور ان کی شناخت کی فہرست موجود ہونی چاہئے جس کو وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل کرتے رہنا چاہئے۔

لیبل لگانا

لیبل کسی کیمیکل کی شناخت، اس کے محفوظ استعمال، اس کے خطرات سے بچاؤ اور ہنگامی حالات میں اقدامات سے متعلق معلومات کا بنیادی ذریعہ ہوتا ہے۔ نہ صرف بڑے بڑے ڈبوں اور ڈرموں بلکہ چھوٹے چھوٹے ڈبوں، ٹیوبوں اور بوتلوں پر بھی لیبل موجود ہونا چاہئے۔

جگہ کے مطابق لیبل میں درج ذیل معلومات موجود ہونی چاہئیں۔

1 - کیمیکل کا تجارتی نام

2- کیمیکل کی شناخت

3- سپلائی کنندہ کا نام، پتہ اور فون نمبر

4- خطرے کی علامات

5- کیمیکل کے استعمال کے ممکنہ خطرات

6- تحفظ کی ہدایات

7-بیچ (batch) کی شناخت

8-یہ بیان کہ مزید معلومات بشمول سیفٹی ڈاٹا شیٹ مالک کے پاس موجود ہیں-

9-قومی قوانین (اگر ہوں تو) کے مطابق درجہ بندی

بغیر لیبل شدہ کیمیکل جیسے کہ گندھک کے تیزاب کے ڈرم صحت وسلامتی کے لئے شدید خطرات پیدا کر سکتے ہیں-

کارکنوں کو لیبل کو سمجھنے اور ان پر عمل کرنے کی تربیت فراہم کی جائے

سیفٹی ڈاٹا شیٹ

لیبل کے اندر کیمیکل کے متعلق بنیادی معلومات موجود ہوتی ہیں- زیادہ تفصیلی معلومات سیفٹی ڈاٹا شیٹ کے اندر درج ہوتی ہیں- کیمیکل خریدتے وقت سپلائر یا تیار کنندہ سے ان شیٹوں کا مطالبہ کرنا چاہئے-مختلف مما لک میں قوانین کیمطابق اس شیٹ کے مختلف سٹائل استعمال ہوتے ہیں۔

نمونہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں۔

PENTACHLOROBENZENE ICSC: 0531

PENTACHLOROBENZENE ICSC: 0531

CAS # 608-93-5
RTECS # CH9440000
EC # 602-074-00-5

IUPAC Name: 1,2,3,4,5-Pentachlorobenzene
Chemical Formula: C_6HCl_5
Molecular Mass: 250.3

IPCS International Programme on Chemical Safety

UNEP

سیفٹی ڈاٹا شیٹ میں مندرجہ ذیل معلومات موجود ہونی چاہئیں۔

1 - مادے کا نام، تیار کنندہ کا نام و پتہ

2- مادے میں موجود اجزاء کی مقدار اور شناخت

3- اس کے استعمال سے پیدا ہونے والے خطرات

4- ابتدائی طبی امداد کے طریقے

5- حادثاتی اخراج کی صورت میں اقدامات

6- استعمال اور سٹور کرنے کے طریقے

7- استعمال کرنیوالوں کو خطرات سے بچانے کے طریقے بشمول تحفظ کے آلات

8- کیمیائی اور طبعی خواص بشمول مادے کی تعامل خیزی

9- اس کے زہریلے پن کی معلومات اور جسم میں داخل ہونے کے راستے

10- ماحولیاتی معلومات اور ٹھکانے لگانے کے طریقے

11- باربرداری اور نقل وحمل کی ہدایات

12- قانونی تقاضے



کیمیکلوں کے استعمال میں احتیاطیں



اگر زیادہ نقصان دہ کیمیکلوں کی جگہ کم نقصان دہ کیمیکلز موجود ہوں تو ان کو استعمال کرنا چاہیئے۔ مثلاً نامیاتی محلل کی بجائے پانی میں حل شدہ گلو کے استعمال سے صحت پر اثرات کم کئے جاسکتے ہیں۔ اگر کیمیکل کے بغیر کام ہوسکتا ہو تو اسے استعمال ہی نہ کریں۔



ان مشینوں یا حصوں کو جہاں سے نقصان دہ مادے خارج ہوتے ہوں، ڈھانپ کر علیحدہ کمرے بنا کر علیحدہ کیا جا سکتا ہے- جہاں کیمیکل خارج ہو رہا ہو وہاں پر سے ہوا کے مقامی اخراج (Local exhaust ventilation) کے ذریعے کیمیکل کو کارکنوں پر اثر انداز ہونے سے بچا جا سکتا ہے-

کام کی جگہوں پر صفائی اور نظم و ضبط سے کیمیکلوں
کے صحت و سلامتی پر خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔



آدھے کھلے ڈرم اور برتن آگ اور دھماکے اور سانس کے راستے جسم میں کیمیکلوں کے داخل ہونے کا سبب بن سکتے ہیں۔ تمام ڈبوں اور ڈرموں کو مضبوطی سے بند رکھیں۔

اگر اوپر دیئے گئے اقدامات سے بھی خطرہ ختم نہ ہوتو تحفظ کے صحیح آلات استعمال کریں۔ان آلات کا بڑی احتیاط سے انتخاب کریں اور کارکنوں کو ان کے صحیح استعمال اور دیکھ بھال کی تربیت دیں۔

کیمیکلوں سے کام کرتے وقت
انتہائی احتیاط کریں



حفاظتی شاور
اور
آنکھیں دھونے
کا انتظام کریں

آتش گیر مادوں کے ساتھ کام کے دوران انتہائی احتیاط برتیں

کیمیکلوں کی ہوا کے اندر موجود مقدار کے
جائزے کے لیے وقتاً فوقتاً تجزیہ کروائیں



کیمیکلوں کے ساتھ کام کرنے والے افراد
کا مناسب وقفوں سے طبعی معائنہ کروائیں

صحت وتحفظ اور ماحول کے مسائل سے آگاہی

کارخانوں اور اداروں کی دہلیز پر

☆ کارکنوں اور آجروں میں صحت وتحفظ اور ماحول کے متعلق شعور بیدار کرنے کے لیے موبائل ٹریننگ یونٹ رواں دواں ہے۔

☆ یہ یونٹ آپ کے ادارے میں بھی تربیت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہم سے رجوع کریں۔

ویب سائٹ

سنٹر فار دی امپروومنٹ آف ورکنگ کنڈیشنز اینڈ انوائرمنٹ لاہور کی ویب سائٹ آپ کی راہنمائی کے لیے ہمہ وقت موجود ہے۔ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

www.ciwce.org.pk

دستیاب سہولیات

سنٹر فار دی امپروومنٹ آف ورکنگ کنڈیشنز اینڈ انوائرمنٹ لاہور
میں صحت وتحفظ اور ماحول کی بہتری کے لیے جدید ترین سہولیات میسر ہیں۔

- ☆ جدید ترین آلات سے مزین لیبارٹریاں۔
- ☆ لائبریری۔
- ☆ ویڈیوز۔
- ☆ مشاورتی خدمات۔
- ☆ جدید ترین معلومات کی دستیابی۔



مزید معلومات اور مشاورت کیلئے

Centre for the Improvement of
Working Conditions & Environment
Directorate of Labour Welfare
Government of the Punjab
Township, (near Chandni Chowk), Lahore.
Tel: (042) 99262145 Fax: (042) 99262146
E-mail: awosh@brain.net.pk
Website: http:/www.ciwce.org.pk/